سوال

(509) کیا دوسری شادی کرنے کےلیے پہلی بیوی سے اجازت لینا ضروری ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلام نے تعدادازواج کو جائز قرار دیا ہے کیا شوہر کو دوسری شادی کرنے کےلیے پہلی بیوی سے اجازت لینا ضروری ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

شوہر پر یہ فرض نہیں ہے کہ دوسری شادی کرنے کےلیے وہ پہلی بیوی کو راضی کرے لیکن مکارم اخلاق اور حسن معاشرت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اس کی ایسی چیزوں سے دل جوئی کرے جس سے اس کی تکلیفیں آسان ہوجائیں جو اس معاملے میں عورتوں کو طبعاً لاحق ہوتی ہیں ایسا کرنا خندہ پیشانی اچھے میل ملاپ اور اچھی گفتگو سے ممکن ہے اگر اس کی رضا مندی مال کے ساتھ حاصل ہوتی ہو تو حسب طاقت مال خرچ کرکے بھی اس کی خوشنودی کو حاصل کیا جاسکتا ہے۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 451

محدث فتویٰ